امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز بدھ 14 اکتوبر 2026 یکم جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 190

خیبر پختونخوا میں آئینی اقدامات کے تحت 800 ارب کا ہڑپ

دہشت گردوں سے خفیہ یاری

وزیراعظم کا اتحادیوں کے سامنے بڑا انکشاف

خیبر پختونخوا میں امن وامان کیلئے غیر جانبدار ٹیکنو کریٹک ایڈوائزری کونسل تشکیل دے دی، آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت آئینی اقدامات کا فیصلہ باہمی مشاورت سے کیا گیا

پی ٹی آئی حکومت نے دہشت گردی کی نہ مذمت کی نہ مؤثر کارروائی کی، تیرہ سال میں عوامی فلاح کا کوئی کام نہ کیا، این ایف سی کے تحت 800 ارب سے زائد دیئے مگر سی ٹی ڈی اور سیف سٹی میں ناکام رہی، وزیراعظم

اسلام آباد (اسٹاف رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے مسلم لیگ (ق)، بلوچستان عوامی پارٹی، استحکام پاکستان پارٹی اور مسلم لیگ (ض) کے پارلیمانی وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم نے وفد کو خیبر پختونخوا کی صورتحال پر اعتماد میں لیتے ہوئے کہا کہ گورنر کی معاونت کے لیے غیر جانبدار ٹیکنو کریٹک ایڈوائزری کونسل تشکیل دی گئی ہے جو امن و امان، معیشت کی مضبوطی اور دہشت گردی کے خاتمے میں مدد دے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی حکومت کا طرز عمل اور دہشت گردی کے خلاف واضح مؤقف اختیار

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ اور رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے مسلم لیگ (ق)، بلوچستان عوامی پارٹی، استحکام پاکستان پارٹی اور مسلم لیگ (ض) کے پارلیمانی وفد کی ملاقات

پاکستان میں رواں مالی سال مہنگائی 9.9 فیصد تک پہنچنے کا تخمینہ ہے، آئی ایم ایف

جیو پولیٹیکل بحران کی صورت میں تیل کی قیمتیں تیزی سے بڑھ سکتی ہیں، متوسط مدت کے استحکام کی ضرورت ہے

خسارے پر قابو پانے اور انتہائی کمزور طبقے کو ٹارگٹڈ ریلیف دینے کی ضرورت ہے، ورلڈ اکنامک آؤٹ لک 2026 جاری

اسلام آباد (جی این ایم) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے رواں مالی سال پاکستان میں مہنگائی کی شرح مزید بڑھنے کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ آئی ایم ایف نے ورلڈ اکنامک آؤٹ لک 2026 جاری کردی۔ آئی ایم ایف کے مطابق گزشتہ مالی سال پاکستان میں مہنگائی کی شرح 7.1 فیصد ریکارڈ کی گئی تھی جبکہ رواں مالی سال پاکستان میں مہنگائی 9.9 فیصد تک پہنچنے کا تخمینہ ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق رواں برس پاکستان کی معاشی نمو 3.5 فیصد رہے گی جو گزشتہ مالی سال پاکستان کی جی ڈی پی 3.6 فیصد تھی جبکہ مالی سال میں پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے یورپی یونین کے کمشنر برائے امور داخلہ اور ہجرت، میگنس برنر ملاقات کررہے ہیں

پاکستان کا 25 ہزار نوجوانوں کو ہنرمند بنانے کا منصوبہ منظور

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت بی ٹیوٹا کا 11 واں اجلاس، 25 ہزار نوجوانوں کو فنی تربیت دینے کا منصوبہ منظور

میر سرفراز بگٹی نے انسٹی ٹیوٹ رجسٹریشن پورٹل کا افتتاح کردیا، 30 ہزار نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر بیرون ملک روزگار کے لیے بھجوانے پر پیش رفت تیز کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے زیر صدارت بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (بی ٹیوٹا) کے بورڈ کے گیارہویں اجلاس میں آئندہ سال تک صوبے کے 25 ہزار نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں فنی تربیت فراہم کرنے کا منصوبہ منظور کرلیا گیا، جبکہ 30 ہزار نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر بیرون ملک روزگار کے لیے بھجوانے کے پروگرام پر پیش رفت تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں فنی تعلیم کے فروغ، سرفراز بگٹی نے فنی تعلیم کی استعداد کار میں اضافے، اداروں کی رجسٹریشن اور نگرانی کے نظام کو مؤثر بنانے کے لیے انسٹی ٹیوٹ رجسٹریشن پورٹل کا افتتاح کیا۔ اس پورٹل کے ذریعے فنی تربیتی اداروں کی رجسٹریشن اور کارکردگی کی نگرانی کے نظام کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کے گیارھویں بورڈ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان کا ضلع ڈیرہ بگٹی کا دورہ، ترقیاتی منصوبوں اور محکموں کی کارکردگی کا جائزہ

ڈپٹی کمشنر اور مختلف افسران کی کارکردگی کی تحسین، سوئی میں صفائی کی ناقص صورتحال پر میونسپل چیف آفیسر معطل

ڈیرہ بگٹی (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع ڈیرہ بگٹی کا دورہ کیا جہاں مختلف محکموں کے افسران نے انہیں اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے بریفنگ

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں 10 روز میں چیزیں بہتر ہوتی دکھائی دیں گی، خواجہ آصف

کھل کر کہتا ہوں یہ دہشتگردوں کے اتحادی بن چکے تھے اور ان کو صوبائی خزانے میں حصہ دار بنایا ہوا تھا

افغانستان کی سرپرستی میں پاکستان میں جنگ لڑی جارہی ہے جبکہ ان کے سرپرست دہلی والے ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ میں کھل کر کہتا ہوں کہ یہ دہشتگردوں کے اتحادی بن چکے تھے اور ان کو صوبائی خزانے میں حصہ دار بنایا ہوا تھا، افغانستان کی سرپرستی میں پاکستان میں جنگ لڑی جارہی ہے جبکہ ان کے سرپرست دہلی والے ہیں، مولانا نے کوششیں کیں لیکن صوبائی حکومت کی باتیں ناقابل برداشت تھیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ آج کا 12 اکتوبر اور 12 اکتوبر 1999 میں مطابقت صرف تاریخوں کی ہے، اس وقت ایک ڈکٹیٹر نے آئین توڑا، ایک حکومت کو فارغ کرکے 8 سال حکمران رہا، ان

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)



بینکاک، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، ورلڈ بینک کے گول میز مباحثے میں شریک ہیں



اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری سے مکہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے کے پہلے سیکرٹری جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود ملاقات کررہے ہیں

سردیوں میں گیس بحران کا خدشہ، ونٹر گیس پلان پر کام شروع

سردیوں میں مجموعی طور پر 21 ایل این جی کارگو درکار ہوں گے

اسلام آباد (جی این ایم) مشرق وسطیٰ جنگ سے بحری راستوں کی بندش کے باعث سردیوں میں گیس بحران پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ قطر سے ایل این جی سپلائی بحال نہ ہونے پر گیس کی طلب پوری کرنا بڑا چیلنج ہوگا، وزارت پیٹرولیم نے ونٹر گیس پلان پر کام شروع کردیا۔ قطر سے سپلائی بحال نہ ہونے کی صورت میں اسپاٹ کارگو منگوانے کی تجویز زیر غور ہے۔ ذرائع وزارت پیٹرولیم کے مطابق سردیوں میں مجموعی طور پر 21 ایل این جی کارگو

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

کے پی میں گورنر راج سے بحران بڑھے گا، حافظ نعیم الرحمان

پارلیمان لیوی مقرر کرنے کا اختیار حکومت سے واپس لینے کے لیے قانون سازی کرے، مرکزی امیر جماعت اسلامی

لاہور (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے سینٹ اور قومی اسمبلی میں حکومتی، اتحادی اور اپوزیشن جماعتوں کے سربراہان و تمام ارکین کو خط لکھ کر پٹرولیم لیوی کے خاتمے، عوام کو مہنگائی سے نجات دلانے اور خیبر پختونخوا میں آئینی و جمہوری نظام کے تحفظ کے لیے مشترکہ پارلیمانی کردار ادا کرنے کی اپیل کی ہے حافظ نعیم الرحمان نے اپنے خط میں کہا ہے کہ ملک اس وقت شدید معاشی دباؤ اور غیر یقینی سیاسی صورت حال سے

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا معاملہ سینیٹ میں پہنچ گیا

5 روپے روزانہ بڑھ جاتی ہے جبکہ محض چند پیسے کمی کیوں کی جاتی ہے، سینیٹ قائمہ کمیٹی پیٹرولیم

اسلام آباد (جی این ایم) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے پیٹرولیم نے کہا ہے پیٹرولیم مصنوعات کی جب قیمت بڑھتی ہے تو 5 روپے روزانہ بڑھ جاتی ہے جبکہ محض چند پیسے کمی کیوں کی جاتی ہے۔ سینیٹر منظور احمد کی زیر صدارت اجلاس میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے موجودہ طریقہ کار، روزانہ قیمتوں کا جائزہ لیا گیا۔ وزارت پیٹرولیم اور اوگرا کے حکام نے بتایا کہ قیمتوں کا تعین اوگرا کی ذمہ داری ہے، عرب گلف کے ریٹس پر

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)

حکومت کی محمود اچکزئی کو دوبارہ اسپیکر چیمبر آکر ملاقات کرنے کی دعوت

ملکی مفاد اور آئینی معاملات میں بیٹھنے کیلئے جگہ اہمیت نہیں رکھتی، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی حکومت نے اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی کو دوبارہ اسپیکر چیمبر آکر ملاقات کرنے کی دعوت دیدی۔ اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا کہ ملکی مفاد اور آئینی معاملات میں اہمیت نہیں رکھتی، قائد حزب اختلاف اسپیکر چیمبر ضرور آئیں اور بات کریں۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی حکومت اور اپوزیشن کیلئے برابر ہیں، اسپیکر چیمبر حکومتی نہیں، ریاست کی جگہ

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

رحمان بابا ٹرین حادثہ، 6 افراد جاں بحق 30 سے زائد زخمی

ٹرین کی تمام 15 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں، لاشوں اور زخمیوں کو نشتر اسپتال منتقل کر دیا گیا، اسپتال میں ایمرجنسی نافذ

وزیراعظم شہباز شریف کا واقعے کا نوٹس، متعلقہ حکام کو امدادی کارروائیاں تیز اور زخمیوں کو ہر ممکن طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت

ملتان، اسلام آباد (جی این ایم) ملتان میں شیر شاہ پل کے قریب رحمان بابا ایکسپریس کو حادثے کے نتیجے میں 6 افراد جاں بحق اور 30 سے زائد زخمی ہوگئے۔ تفصیل کے مطابق کراچی سے پشاور جانے والی رحمان بابا ایکسپریس کی ملتان میں شیر شاہ پل کے قریب تمام 15 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں، ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹرین کی رفتار تیز تھی، جس کی وجہ سے تمام بوگیاں الٹ گئیں۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری سے مکہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدے کے پہلے سیکرٹری جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود ملاقات کررہے ہیں

پاک فوج کا ہائپرسونک بیلسٹک میزائل فتح ٹو ایکسٹینڈڈ رینج کا کامیاب تجربہ

میزائل دوران پرواز راستے اور سمت تبدیل کرنے کی صلاحیت کے باعث دشمن کے دفاعی نظام کو شکست دینے کی صلاحیت رکھتا ہے، ترجمان آئی ایس پی آر

صدر، وزیراعظم، فیلڈ مارشل اور سروسز چیفس کی فتح ٹو ایکسٹینڈڈ رینج کے کامیاب تجربے پر سائنسدانوں اور انجینئرز کو مبارکباد

راولپنڈی (اے این این) پاک فوج نے ہائپر سونک بیلسٹک میزائل فتح ٹو ایکسٹینڈڈ رینج کا کامیاب تجربہ کرلیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فتح ٹو ایکسٹینڈڈ رینج جدید نیویگیشن سسٹم اور جدید ترین ایوی اونکس سے لیس ہے، فتح ٹو ایکسٹینڈڈ رینج بلند ترین درستگی کے ساتھ اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے، یہ منفرد پرواز کے راستے اور سمت تبدیل کرنے

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)



راولپنڈی، وزیراعظم، فیلڈ مارشل، وفاقی وزراء و دیگر طیارہ حادثے میں شہید میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی نماز جنازہ میں شریک ہیں

سینیٹر شیری رحمان کا رحمان بابا ٹرین حادثے پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (یو این اے) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے ملتان میں رحمان بابا ٹرین حادثے میں پانچ مسافروں کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ منگل کو جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ رحمان بابا ٹرین حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دلی افسوس ہے۔ شیری رحمان نے کہا کہ جاں بحق افراد کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زخمی ہونے والے 30 افراد کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہوں۔ شیری رحمان نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے جیالے زخمی مسافروں کی مدد کے لیے خون کے عطیات دیں اور صوبائی حکومت

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3 پر)

لورالائی میں اسسٹنٹ کمشنر کی منی پمپس اور ہوٹلوں پر کارروائی

لورالائی میں اسسٹنٹ کمشنر کی چھاپہ مار کارروائی، پیمائش میں بے ضابطگی پر منی پمپ سیل

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ نے آج شہر میں مختلف منی پمپس اور ہوٹلوں کا دورہ کیا دوران اسسٹنٹ کمشنر نے ہوٹلوں میں کھانے پینے کی اشیاء کے معیار، کھانا پکانے کے مقامات کی صفائی ستھرائی، باورچی خانوں اور اشیائے خوردونوش کو ذخیرہ کرنے کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا، تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا اور معیاری کھانا فراہم کیا جا سکے۔ اس موقع پر مختلف منی پمپس کی پیمائش بھی چیک کی گئی تاکہ عوام کو مقررہ مقدار کے مطابق پیٹرول فراہم کرنے کو یقینی بنایا جا سکے۔ پیمائش میں بے ضابطگی سامنے آنے پر ایک منی پمپ کو سیل کر دیا گیا اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ نے واضح کیا کہ عوام کو معیاری اشیائے خوردونوش کی فراہمی، صفائی ستھرائی کے معیار کو برقرار رکھنے اور منی پمپس پر درست پیمائش کو یقینی بنانے کے لیے

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

سینیٹ کی بزنس ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس کے قانون سازی کے امور کا تفصیلی جائزہ

اسلام آباد (اے این این) سینیٹ کی بزنس ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس آج بروز منگل پارلیمنٹ ہاؤس میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں سینیٹ کے 364 ویں اجلاس کے دوران زیر غور لائے جانے والے قانون سازی کے امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ قانون سازی کے امور کے علاوہ کمیٹی کے اجلاس میں اہم قومی و بین الاقوامی معاملات پر بھی غور کیا گیا۔ سینیٹ کی بزنس ایڈوائزری کمیٹی کے فیصلے کے مطابق سینیٹ کا موجودہ اجلاس 30 اکتوبر 2026ء تک جاری رہے گا۔ اجلاس میں قائد حزب اختلاف

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3 پر)

چیئرمین ضلع کونسل گوادر شئے مختار کا نگور شریف کے مقام پر متاثرہ واٹر سپلائی پائپ لائن کا دورہ

جیوانی شہر کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی جلد بحال کرنے کے لیے مرمتی کام تیز کرنے کی ہدایت

گوادر (خ ن) چیئرمین ضلع کونسل شئے مختار نے نگور شریف کے مقام پر انکاڑہ کوڑدیم سے جیوانی شہر کو پینے کا پانی فراہم کرنے والی مین سپلائی پائپ لائن کا دورہ کیا اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار پائپ لائن کی موجودہ صورتِ حال اور جاری مرمتی کام کا جائزہ لیا۔ پائپ لائن متاثر ہونے کے باعث جیوانی شہر کو پانی کی ترسیل میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔ اس موقع پر ایکسیئن پبلک ہیلتھ انجینئرنگ مومن بلوچ نے چیئرمین ضلع کونسل شئے مختار کو متاثرہ پائپ لائن کی مرمت، جاری کام کی پیش رفت اور جیوانی شہر کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے نظام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے پائپ لائن کو درپیش مسائل اور پانی کی ترسیل بحال کرنے کے لیے جاری اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔ چیئرمین ضلع کونسل شئے مختار نے موقع پر پائپ لائن کا معائنہ کرتے ہوئے مرمتی کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا اور اس بات پر زور دیا کہ پانی کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، تاکہ جیوانی شہر

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

لورالائی میں اسسٹنٹ کمشنر کی چھاپہ مار کارروائی، پیمائش میں بے ضابطگی پر منی پمپ سیل

ہوٹلوں میں صفائی اور اشیائے خوردونوش کے معیار کا جائزہ، خلاف ورزی پر سخت کارروائی کا انتباہ

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ نے آج شہر میں مختلف منی پمپس اور ہوٹلوں کا دورہ کیا دوران اسسٹنٹ کمشنر نے ہوٹلوں میں کھانے پینے کی اشیاء کے معیار، کھانا پکانے کے مقامات کی صفائی ستھرائی، باورچی خانوں اور اشیائے خوردونوش کو ذخیرہ کرنے کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا، تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا اور معیاری کھانا فراہم کیا جا سکیاس موقع پر مختلف منی پمپس کی پیمائش بھی چیک کی گئی تاکہ عوام کو مقررہ مقدار کے مطابق پیٹرول فراہم کرنے کو یقینی بنایا جا سکے۔ پیمائش میں بے ضابطگی سامنے آنے پر ایک منی پمپ کو سیل کر دیا گیا اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ نے واضح کیا کہ عوام کو معیاری اشیائے خوردونوش کی فراہمی، صفائی ستھرائی کے معیار کو برقرار رکھنے اور منی پمپس پر درست پیمائش کو یقینی بنانے کے لیے

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

یورپ کی جانب غیر قانونی نقل مکانی کا خاتمہ اگلا ہدف ہے، محسن نقوی

وفاقی وزیر داخلہ سے یورپی کمشنر برائے داخلی امور و مائیگریشن میگنس برنر کی ملاقات، غیر قانونی مائیگریشن کی روک تھام، قانونی امیگریشن و دیگر امور پر پر تبادلہ خیال

پاکستان کوسٹ گارڈز کی استعداد کار بڑھانے کے لیے باہمی تعاون پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، یورپی یونین کے ایسٹرن کوریڈور انیشیٹو پر مل کر کام کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے یورپی کمشنر برائے داخلی امور و مائیگریشن میگنس برنر کی ملاقات ہوئی، جس میں غیر قانونی مائیگریشن کی روک تھام، قانونی امیگریشن کے فروغ اور ہنرمند افرادی قوت کے لیے مواقع بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں وفود کی سطح پر بھی مذاکرات ہوئے، میگنس برنر نے غیر قانونی مائیگریشن کے خلاف پاکستان کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے موثر اقدامات کے باعث یورپ کی جانب غیر قانونی مائیگریشن میں 64 فیصد کمی قابل ستائش ہے، ایف آئی اے نے محدود وسائل کے باوجود پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا، جبکہ غیر قانونی مائیگریشن میں کمی سے قانونی مائیگریشن کی راہیں کھلیں گی۔ اس موقع پر محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان میں غیر قانونی مائیگریشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے، غیر قانونی مائیگریشن میں 64 فیصد کمی کے بعد ہمارا اگلا ہدف اس کا 100 فیصد خاتمہ ہے، یہ ایک انتہائی سنجیدہ عالمی مسئلہ ہے، جس کے مکمل خاتمے کے لیے

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز بلوچستان عسکر خان، بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری سید امین اور دیگر پاکستان ہاکی فیڈریشن اور بلوچستان ہاکی ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام محکمہ تعلیم اور سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کے تعاون 25 مختلف سکولوں کے طلباء میں ہاکی کٹس تقسیم کررہے ہیں

اوآئی سی کی حوثی حملوں کی شدید مذمت، سعودی حکومت کی بھرپور حمایت کا اعلان

ایسے اقدامات کا تسلسل خطرناک اور ناقابل قبول اشتعال انگیزی ہے، سیکریٹری جنرل حسین ابراہیم طہ

جدہ (جی این ایم) اسلامی تعاون تنظیم (اوآئی سی) نے سعودی عرب کے جنوبی علاقوں پر حوثیوں کے حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے مملکت کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی استحکام کیلئے غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق او آئی سی کے سیکریٹری جنرل حسین ابراہیم طہ نے اپنے بیان میں کہا کہ سعودی عرب کے جنوبی علاقوں کو نشانہ بنانا مملکت کی سلامتی اور استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ حوثیوں کی جانب سے ایسے اقدامات کا تسلسل خطرناک اور ناقابل قبول اشتعال انگیزی ہے۔ سیکریٹری جنرل کے مطابق یہ کارروائیاں یمن میں جنگ بندی برقرار رکھنے اور امن و استحکام کے لئے جاری علاقائی و بین الاقوامی کوششوں کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حملے ریاستوں کی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے احترام سے متعلق بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں کی بھی صریح خلاف ورزی ہیں۔ حسین ابراہیم طہ نے مزید کہا کہ ایسی کارروائیاں یمن کے بحران کے جامع اور

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں کا جائزہ، عوام کو جلد ریلیف دینے کے لیے اجلاس منعقد

انتظامیہ اور فلور ملز مالکان کا باہمی تعاون سے آٹے کی مناسب قیمتیں یقینی بنانے کا عزم

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت آٹے کی حالیہ قیمتوں کا جائزہ لینے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں فلور ملز ایسوسی ایشن، مختلف فلور ملز کے مالکان، محکمہ خوراک اور محکمہ صنعت کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ملک بھر میں آٹے کی موجودہ قیمتوں، قیمتوں میں اضافے کے عوامل اور اس سے متعلق مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ عوام کو آٹے کی مناسب قیمتوں پر فراہمی یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون اور مؤثر حکمتِ عملی کے تحت اقدامات کریں۔ اس موقع پر فلور ملز ایسوسی ایشن کے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے انتظامیہ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ متعلقہ محکموں اور فلور ملز کے باہمی تعاون سے جلد

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

کمشنر سیوی کی زیر صدارت اجلاس، ترقیاتی منصوبے بروقت مکمل کرنے کی ہدایت

تعمیراتی کاموں میں شفافیت، معیاری میٹریل اور تکنیکی اصولوں پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں ہوگا، عرفان اللہ

سیوی (خ ن) کمشنر سیوی ڈویژن عرفان اللہ خان کی زیر صدارت محکمہ کمیونیکیشن ورکس، فزیکل پلاننگ اینڈ ہاؤسنگ (CWPP&H) سیوی ڈویژن کی کارکردگی اور جاری ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ، بلڈنگز اور روڈز کے متعلقہ ایگزیکٹو انجینئرز اور سب ڈویژنل آفیسرز (SDOs) نے کمشنر کو محکمے کی کارکردگی، جاری منصوبوں پر پیش رفت اور تعمیراتی کاموں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر کمشنر عرفان اللہ خان نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے اور کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام تعمیراتی منصوبے منظور شدہ ڈیزائن، مقررہ معیار، تکنیکی اصولوں اور متعلقہ اسپیسفکیشنز کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ سرکاری وسائل کا مؤثر استعمال اور عوام کو معیاری ترقیاتی سہولیات کی

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3 پر)

امرءالمعروف و نہی عن المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail: Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر: 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

ریاض ایئرپورٹ پر حملہ

ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ہفتے کو ہونے والے حملے میں ایک پاکستانی سمیت 13 افراد شہید جبکہ سینکڑوں زخمی ہوگئے۔ سعودی عرب کی جنرل اتھارٹی آف سول ایوی ایشن کے ترجمان کے مطابق پروجیکٹائل حملے سے ہوائی اڈے کی عمارت کو کافی نقصان پہنچا جس کا جائزہ اور تخمینہ لگانے کا کام جاری ہے۔ حوثی باغیوں کی طرف سے فائر کئے گئے ایک اور میزائل کو فضاء ہی میں ناکارہ بنا دیا گیا تھا۔ وزیرِ اعظم شہباز شریف نے حوثی ملیشیاء کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب کے شہریوں اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی صورت قابلِ قبول نہیں، ایسے پرتشدد اقدامات علاقائی اَمن اور استحکام کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔ آنہوں نے مطالبہ کیا کہ بین الاقوامی قانون کی صریح خلاف ورزی کرنے والے یہ حملے فوری بند کیے جائیں۔ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کی حمایت کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے آن کا یہ بھی کہنا تھا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے تحفظ کے عزم پر قائم ہیں۔ ترجمانِ دفترِ خارجہ نے کہا کہ شہری ہوائی اڈے کو نشانہ بنانا دہشت گردی کی گھناؤنی کارروائی ہے۔ واضح رہے کہ سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان تنازعہ ا?س وقت شروع ہوا جب 2014ء میں یمن میں سیاسی انتقالِ اقتدار کے دوران اختلافات اور مسلح تصادم شدت اختیار کر گئے۔ حوثیوں نے یمن کے دارالحکومت صنعا اور دیگر علاقوں پر قبضہ کرلیا تو مارچ 2015ء میں سعودی عرب کی قیادت میں قائم اتحاد نے یمن کی بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ حکومت کی حمایت میں فوجی مداخلت کی۔ آس کے بعد سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان میزائل حملوں، فضائی کارروائیوں اور سرحد پار کشیدگی کا سلسلہ جاری رہا۔ اپریل 2022ء میں اقوامِ متحدہ کی ثالثی میں جنگ بندی ہوئی جس سے لڑائی میں نسبتاً کمی آئی تاہم تنازعے کا پائیدار سیاسی حل نہ نکل سکا۔ حالیہ واقعات نے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ طویل تنازعات میں عارضی سکون کو مستقل اَمن سمجھ لینا درست نہیں ہے۔ حوثیوں اور سعودی عرب کے درمیان یہ تنازعہ یقیناً تشویشناک ہے کیونکہ وہاں حملہ صرف ایک ملک کی سلامتی کا مسئلہ نہیں بلکہ اس کے اثرات پورے خطے، بین الاقوامی فضائی سفر، تجارت اور توانائی کی منڈیوں تک پھیل سکتے ہیں۔ پاکستان کے لیے بھی صورتحال خاصی پیچیدہ ہے۔ ملک پہلے ہی دہشت گردی کے خلاف جدوجہد میں مصروف ہے، ایک طرف افغانستان سے متعلق سکیورٹی چیلنج ہیں تو دوسری طرف بھارت کے ساتھ تعلقات اور سرحدی تناؤ کے مسائل موجود ہیں۔ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی، داخلی سلامتی کے تقاضے، معاشی مشکلات اور محدود وسائل بھی ریاست کیلئے چیلنج بنے ہوئے ہیں۔ پاکستان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت اپنے عزم کا اعادہ کر چکا ہے، اِس لیے وہ سعودی عرب کی سلامتی اور حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریوں کو نظرانداز نہیں کرے گا لیکن ضروری ہے کہ دفاعی اقدامات اور ردِعمل کا تعین معاہدے کی شرائط، زمینی حقائق، قومی مفادات اور علاقائی سلامتی کو سامنے رکھ کر کیا جائے۔ سعودی عرب کی سلامتی یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ یمن کے عوام کو مزید جنگی تباہی سے بچانا بھی لازم ہے۔ حوثیوں کی طرف سے ریاض ائیرپورٹ پر حملے کی جتنی بھی مذمت کی جائے، کم ہے۔ شہری آبادی یا غیر فوجی تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی صورت قابلِ قبول نہیں۔ ایسے میں چین، ایران اور دیگر بااثر ممالک کو سفارتی رابطوں کے ذریعے حالات سنبھالنے اور فریقوں کو مذاکرات کی طرف لانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ کشیدگی میں اضافہ پورے خطے کے لیے مشکلات بڑھا سکتا ہے، اس لیے تحمل اور ذمہ داری سے کام لینا ضروری ہے۔ مذاکرات کے لیے سازگار ماحول بنانے کی خاطر حملوں کا سلسلہ روکنے اور باہمی اعتماد بحال کرنے کیلئے موثر اقدامات کرنے ہوں گے۔ اختلافات کتنے ہی گہرے کیوں نہ ہوں، معاملات بات چیت کے ذریعے ہی حل ہو سکتے ہیں۔ پاکستان کو اپنے دفاعی وعدوں، ملکی سلامتی اور معاشی حالات کو سامنے رکھتے ہوئے ہر ایسی کوشش کا ساتھ دینا چاہئے جو کشیدگی کم کرے اور امن کی طرف لے کر جائے۔

مہنگا تھپڑ

نسیم شاہد

امریکہ سے ایک خبر آئی کہ سیائل ائرپورٹ پر بھارت کے میاں بیوی نیو دہلی جانے کے لئے ائرپورٹ پر آئے، اسی دوران چلتے چلتے دونوں میں تو تکار ہوتی رہی جسے وہاں لوگوں نے نوٹ کیا، اسی دوران طیش میں آکر شوہر نے بیوی کو زوردار تھپڑ رسید کر دیا۔ تھپڑ اتنا زوردار تھا کہ بیوی گرتے گرتے بچی، یہ منظر بھی وہاں موجود مسافروں نے دیکھا، سی سی ٹی وی کیمروں میں بھی محفوظ ہو گیا، کسی نے ایئرپورٹ انتظامیہ اور پولیس کو اطلاع دی۔ عین اس وقت جب دونوں میاں بیوی بورڈنگ کارڈ لے کر جہاز میں سوار ہونے جا رہے تھے، پولیس نے شوہر کو پکڑ لیا، اس کے ہاتھ ہتھکڑی سے پشت پر باندھ دیئے اسے بتایا کہ تمام ثبوت اکٹھے کر لئے گئے ہیں، تم نے بیوی پر تشدد کیا ہے، اس لئے تمہیں امریکہ سے جانے کی اجازت نہیں، اب تمہیں اس جرم کے ٹرائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ صورتحال کو بھانپتے ہوئے وہ بھارتی شہری منت ترلوں پر اتر آیا اس کی بیوی نے بھی کہا اسے چھوڑ دیں، وقتی طور پر اشتعال میں آکر اس نے ایسا کیا ہے مگر دونوں کی ایک نہ سنی گئی۔ شوہر کو باقاعدہ گرفتار کر لیا گیا اور بیوی کو اجازت دی کہ وہ سفر کر سکتی ہے لیکن اس نے جانے سے انکار کر دیا۔ پولیس کی طرف سے بتایا گیا جب تک اس کیس کا فیصلہ نہیں ہو جاتا، یہ شخص امریکہ نہیں چھوڑ سکتا۔ میں نے یہ واقعہ اور اس کے بارے میں سوشل میڈیا پر تفصیلی رپورٹ دیکھی تو سوچنے لگا بات صرف ایک تھپڑ کی تھی اور بیوی نے معاف بھی کر دیا تھا، مگر امریکی قانون نے اس کی اجازت نہیں دی کیونکہ یہ جرم سب کے سامنے ہوا تھا اور سب اس سے متاثر ہوئے تھے۔ کوئی خوف میں مبتلا ہوا تھا اور کسی کو غصہ آیا تھا، اس لئے اس ایکٹ کو دو افراد کی رضامندی پر نہیں چھوڑا جا سکتا۔ ہمارے ہاں کیا ہوتا ہے۔ ایسے تشدد کے واقعات آئے روز ہوتے ہیں، مصلحت کے تحت میاں بیوی راضی ہو جائیں تو ہم یہ نعرہ لگا دیتے ہیں کہ کیا کرے گا قاضی۔ قانون کی یہ لچک اور بے توقیری ایسے واقعات کو جنم دیتی ہے۔ یہاں تو قتل کے مقدمات میں زور ڈال کر مدعیوں کو صلح پر مجبور کر دیا جاتا ہے۔ حالانکہ ایسے مقدمات میں ریاست کو مدعی بننا چاہیے۔ میں جب کچھ عرصہ پہلے عمرے کے لئے سعودی عرب گیا تو میں نے مسجد الحرام میں ایک واقعہ دیکھا۔ غالباً بنگلہ دیش کے میاں بیوی تھے نجانے کس بات پر ان میں ایسا جھگڑا ہوا کہ بات مار دھاڑ تک چلی گئی۔ چونکہ وہاں سیکیورٹی بہت سخت اور متحرک ہوتی ہے، اس لئے دونوں کو پکڑ لیا گیا، دونوں کو حرم سے باہر لے جا کر ہتھکڑیاں لگائی گئیں اور پولیس کی گاڑی میں لے کر چلے گئے بعد میں یہ خبر ملی کہ بیوی کو تفتیش میں بے گناہ قرار دے کر شوہر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اسے ڈی پورٹ کر دیا گیا ہے۔ بیوی نے اس کے ساتھ جانے سے انکار کر دیا تھا، اس لئے اسے عمرہ مکمل کرنے کی اجازت دے دی گئی۔ یہ ہمارے ایشیائی شوہروں کی بنیادی خرابی ہے کہ وہ خود کو عورت پر حاکم سمجھتے ہیں اسی خبط کی وجہ سے اپنی بیویوں کو تشدد کا نشانہ بناتے ہیں اور یہ توقع بھی رکھتے ہیں کہ بیوی کہیں شکایت نہیں کرے گی، مگر اب زمانہ بدل گیا اور خواتین ظلم کے خلاف آواز اٹھانے لگی ہیں۔ گزشتہ دنوں ایک ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خاتون نے اپنے شوہر کے خلاف ایف آئی آر درج کرا کے اسے گرفتار کرا دیا۔ جو روزانہ اسے تشدد کا نشانہ بناتا تھا۔ اب اس واقعہ سے بھی مردوں کی اس بیماری کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے جو انہیں اپنی بیوی پر حکمرانی کے خبط میں مبتلا کرتی ہے۔ ایک سرکاری افسر جو انتہائی اہم عہدے پر براجمان ہے جب گھریلو تشدد کا شکار ہوتی ہے تو اس کے ذہنی کرب کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ ہر چیز قانون کے نفاذ پر چلتی ہے اگر قانون کو موم کی ناک بنا دیا جائے تو پھر ایک انتشار پھیلتا ہے اور چیزیں اپنی جگہ سے ہٹ جاتی ہیں۔ میں نے ایک بار اپنے سینئر وکیل دوست سے پوچھا کہ آج کل کچھ ایسے واقعات بھی ہو رہے ہیں جن میں کوئی نوجوان بیٹا اپنے باپ کو جائیداد میں حصہ نہ دینے یا پھر بڑی رقم دینے سے انکار پر قتل کر دیتا ہے۔ ایسے کیسوں کا انجام کیا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا اکثر ایسے کیسوں میں پولیس قاتل کی ماں یا مقتول کے کسی دوسرے بیٹے یا اس کے بھائی کو مدعی بناتی ہے۔ کچھ عرصے بعد خاندان مل کر یہ فیصلہ کر لیتا ہے کہ باپ تو گیا، اب بیٹے کو تو بچا لیا جائے، یوں اسے معاف کرنے کی کارروائی شروع کی جاتی ہے اور وہ چند ماہ بعد باہر آ جاتا ہے۔ جائیداد تو وہیں پڑی ہوتی ہے۔ باپ دنیا سے جا چکا ہوتا ہے اس لئے وہی بیٹا اس کا وارث بن جاتا ہے۔ میں نے کہا یہ تو بہت خطرناک رجحان ہے، ایسے کیسوں میں ریاست کو مدعی بننا چاہیے تاکہ قاتل سزا سے بچ نہ سکے۔ ہمارے ہاں ایسے بہت سے قانونی خلاء موجود ہیں جو قانون شکنی کے لئے محفوظ راستہ فراہم کرتے ہیں اس لئے لوگ بعض اوقات سی سی ڈی کے فوری انصاف کی حمایت بھی کرنے لگتے ہیں حالانکہ حمایت نہیں کی جانی چاہیے۔ گھریلو تشدد کے واقعات کو ہمارے ہاں ایک معمول سمجھ لیا گیا ہے۔ 80 فیصد واقعات تو پولیس تک پہنچتے ہی نہیں کیونکہ خواتین کو سمجھانے بجھانے والے تسلیاں دے کر خاموش کرا دیتے ہیں۔ کچھ ہماری وہ گھٹیا روایات بھی ہیں جن میں شادی کے بعد بیٹی کو کہا جاتا ہے اب تمہاری وہاں سے لاش ہی آنی چاہیے۔ ایک زمانے میں تو ہماری پنجابی فلموں میں یہ ڈائیلاگ لازمی طور پر استعمال ہوتا تھا۔ آپ اس جملے کی سفاکی پر غور کریں تو دل دہل جاتا ہے، یعنی ہم اپنی بیٹیوں کو رخصت نہیں کرتے بلکہ ایک ظالم انسان کے سپرد کر دیتے ہیں وہ جو چاہے اس سے سلوک کرے حتیٰ کہ اسے مار بھی دے تو کوئی بات نہیں۔ امریکہ میں بیوی کو مارا گیا ایک تھپڑ بھی بہت بھاری پڑتا ہے اور انسان کی ساری زندگی کو ہلا کے رکھ دیتا ہے۔ یہاں ایسی کہانیاں، ایسے واقعات سامنے آتے ہیں کہ بیٹیوں کو مار مار کے ان کی شکل بگاڑ دی جاتی ہے مگر قانون پھر بھی ایسے راستے چھوڑ دیتا ہے جن پر چل کر ملزم بچ جاتا ہے۔ معاشرے میں قانون کے نفاذ کی مثالیں قائم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ سائل ائرپورٹ پر جو واقعہ ہوا، پولیس نے جس طرح گرفت کی، میرا نہیں خیال کہ اب کوئی دوسرا اس بارے میں سوچے گا بھی کہ اپنی بیوی کو اس طرح سرعام تھپڑ مارے، قانون کی حکمرانی معاشروں کو مضبوط کرتی ہے، وگرنہ وہ کمزور رہتے ہیں اور قانون شکن فائدہ اٹھاتے ہیں۔

قائداعظم اور صوبہ سرحد کی کانگریسی حکومت کی برطرفی: ایک آئینی سوال؟

پروفیسر ڈاکٹر محبوب حسین

قیام پاکستان کی تاریخ میں 22 اگست 1947ء ایک غیر معمولی اہمیت کا حامل دن ہے۔ اس روز صوبہ سرحد، جسے آج خیبر پختونخوا کہا جاتا ہے، کی ڈاکٹر خان صاحب کی سربراہی میں قائم کانگریسی وزارت کو قائداعظم محمد علی جناح کی ہدایت پر برطرف کر دیا گیا۔ صوبے کے گورنر سر جارج کننگھم نے برطرفی کا حکم جاری کیا اور مسلم لیگ کے رہنما خان عبدالقیوم خان کو نئی حکومت تشکیل دینے کی دعوت دی۔ یہ واقعہ پاکستان کے ابتدائی آئینی ارتقا میں ایک اہم موڑ کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کا جائزہ لیتے ہوئے قائداعظم کے سیاسی مقاصد، اُس وقت کے حالات اور صوبائی خودمختاری کے اصول، تینوں کو سامنے رکھنا ضروری ہے۔ 1946ء کے صوبائی انتخابات میں صوبہ سرحد کا سیاسی منظرنامہ پنجاب اور بنگال سے مختلف تھا۔ کانگریس نے پچاس رکنی صوبائی اسمبلی میں تیس نشستیں حاصل کیں، جب کہ مسلم لیگ سترہ نشستیں جیت سکی۔ اس نتیجے کے بعد ڈاکٹر خان صاحب کی وزارت قائم ہوئی۔ مسلم اکثریتی صوبے میں مسلم لیگ کی یہ انتخابی ناکامی اس حقیقت کی عکاسی کرتی تھی کہ وہاں کی سیاست محض مسلم لیگ اور مطالبہ پاکستان کے گرد نہیں گھوم رہی تھی۔ خان عبدالغفار خان، المعروف باچا خان، کی قیادت میں خدائی خدمت گار تحریک نے 1930ء کی دہائی سے پشتون معاشرے میں اپنی بنیادیں مضبوط کی تھیں۔ عدم تشدد، سماجی اصلاح، تعلیم اور برطانوی استعمار کے خلاف جدوجہد اس تحریک کے نمایاں عناصر تھے۔ باچا خان کی سیاسی فکر پشتون شناخت اور صوبائی خودمختاری سے بھی گہرا تعلق رکھتی تھی، جب کہ ان کے بھائی ڈاکٹر خان صاحب صوبائی پارلیمانی سیاست میں کانگریس سے وابستہ تھے۔ اس لئے 1946ء کے انتخابی نتائج کو پاکستان کے مطالبے پر ایک حتمی ریفرنڈم سمجھنا درست نہیں۔ انتخابات میں مقامی قیادت، جماعتی وابستگی اور صوبائی مسائل بھی اہم تھے۔ تاہم یہ نتیجہ مسلم لیگ کے لئے ایک سیاسی چیلنج ضرور تھا، کیونکہ وہ صوبے کو پاکستان میں شامل کرنے کی علم بردار تھی، لیکن صوبائی اسمبلی میں اس کی اکثریت نہیں تھی۔ انتخابات کے بعد مسلم لیگ نے صوبہ سرحد میں اپنی سیاسی سرگرمیاں تیز کر دیں۔ فروری 1947ء میں اس نے ڈاکٹر خان صاحب کی وزارت کے خلاف سول نافرمانی کی تحریک شروع کی۔ احتجاجی مظاہروں، گرفتاریوں اور انتظامیہ کے ساتھ تصادم نے صوبے میں سیاسی کشیدگی بڑھا دی۔ مسلم لیگ کا مطالبہ تھا کہ صوبے کے مستقبل کا فیصلہ عوامی رائے کی بنیاد پر کیا جائے، جب کہ کانگریسی وزارت اپنی انتخابی کامیابی اور آئینی حیثیت کو برقرار رکھنے کی خواہاں تھی۔ اس کشمکش نے صوبائی حکومت کے سیاسی جواز اور صوبے کے مستقبل کے سوال کو ایک دوسرے سے جوڑ دیا۔ مسلم لیگ کے نزدیک نئی سیاسی صورت حال میں حکومت کی حیثیت پر نظرثانی ضروری تھی، جب کہ کانگریسی قیادت کا مؤقف تھا کہ منتخب وزارت کو محض سیاسی اختلاف کی بنیاد پر ختم نہیں کیا جا سکتا۔ تین جون 1947ء کے منصوبے کے تحت صوبہ سرحد کے مستقبل کا فیصلہ ریفرنڈم کے ذریعے کیا گیا۔ ووٹروں کو پاکستان یا ہندوستان میں شمولیت میں سے ایک کا انتخاب کرنا تھا۔ خدائی خدمت گار تحریک نے اس طریقہ انتخاب پر اعتراض کیا، کیونکہ اس کے نزدیک پشتونوں کے لیے ایک الگ سیاسی راستہ، بالخصوص پشتونستان کا تصور، بھی زیرِ غور آنا چاہئے تھا۔ اسی بنا پر کانگریس اور خدائی خدمت گار قیادت نے ریفرنڈم کا بائیکاٹ کیا۔ سرکاری نتائج کے مطابق پاکستان کے حق میں 289,244 اور ہندوستان کے حق میں 2,874 ووٹ پڑے۔ پاکستان کے حق میں یہ واضح اکثریت صوبے کے مستقبل کے فیصلے میں بنیادی اہمیت رکھتی تھی۔ تاہم ریفرنڈم کا سوال صوبے کے الحاق سے متعلق تھا؛ اس میں براہ راست یہ نہیں پوچھا گیا تھا کہ ڈاکٹر خان صاحب کی وزارت برقرار رہنی چاہئے یا نہیں۔ یہی فرق اس پورے معاملے کی بنیادی اہمیت ہے۔ ریفرنڈم نے صوبے کے پاکستان میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا، لیکن اس نتیجے سے منتخب صوبائی حکومت کی آئینی حیثیت خود بخود ختم ہو جانے کا سوال الگ بحث کا متقاضی تھا۔ ریفرنڈم کے بعد ڈاکٹر خان صاحب نے وزارت سے استعفا نہیں دیا۔ مسلم لیگ کا مؤقف تھا کہ پاکستان میں شمولیت کے فیصلے کے بعد کانگریسی وزارت کا اقتدار میں برقرار رہنا سیاسی طور پر قابلِ اعتراض تھا۔ دوسری طرف ڈاکٹر خان صاحب کی حکومت کا مؤقف تھا کہ ریفرنڈم صوبے کے الحاق کا فیصلہ تھا، حکومت کے خاتمے کا نہیں۔ لیسکو میں 10 دن میں بجلی چوری کے 217 کیسز، 66 مقدمات، 4 افراد گرفتار، بجلی چوروں سے کتنے لاکھ یونٹس چارج کیے گئے؟ جان کر ا?پ حیران رہ جائیں 22 اگست 1947ء کو قائداعظم کی ہدایت پر گورنر سر جارج کننگھم نے ڈاکٹر خان صاحب کی وزارت برطرف کر دی اور خان عبدالقیوم خان کو نئی حکومت تشکیل دینے کی دعوت دی۔ اس وقت پاکستان کا مستقل آئین موجود نہیں تھا اور ملک عبوری طور پر گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ 1935ء میں ضروری ترامیم کے ساتھ کام کر رہا تھا۔ اس لئے اس اقدام کا جائزہ لیتے ہوئے اُس وقت نافذ آئینی ڈھانچے اور گورنر جنرل کے اختیارات کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ فیصلے کے حق میں یہ دلیل پیش کی جاتی ہے کہ ریفرنڈم میں پاکستان کے حق میں واضح فیصلہ آنے کے بعد نئی ریاست کو سیاسی استحکام اور یکجہتی کی ضرورت تھی۔ اس نقطہ نظر کے مطابق کانگریسی وزارت کا تسلسل نئی سیاسی حقیقت سے مطابقت نہیں رکھتا تھا۔ اس کے برعکس بنیادی آئینی سوال یہ ہے کہ کیا صوبے کے پاکستان میں شامل ہونے کا فیصلہ منتخب وزارت کو برطرف کرنے کے لئے کافی تھا؟ کیا اسمبلی میں اعتماد کا امتحان، نئے انتخابات یا سیاسی مفاہمت کا راستہ اختیار کیا جا سکتا تھا؟ ان سوالات کا جواب صرف سیاسی ترجیحات کی بنیاد پر نہیں، بلکہ متعلقہ آئینی قواعد اور فیصلے کے طریقہ کار کی روشنی میں تلاش کرنا چاہئے۔ معروف مؤرخ ڈاکٹر اقبال چاولہ نے اپنے تحقیقی مقالے میں ریفرنڈم اور اس کے بعد کانگریسی وزارت کی برطرفی کے سیاسی، قانونی اور اخلاقی پہلوؤں کا جائزہ لیا ہے۔ اس معاملے کی تاریخی اہمیت بھی اسی امر میں ہے کہ ریاستی استحکام کی ضرورت اور منتخب حکومت کے تسلسل کے اصول کے درمیان تعلق کو کس طرح سمجھا جائے۔

ڈیپ فیک۔ جب سچ بھی جعلی نظر آنے لگے

نوید سحر

رات کے پچھلے پہر موبائل کی اسکرین اچانک روشن ہوئی۔ ایک شخص نے فون اٹھایا تو اسکرین پر اس کا اپنا چہرہ موجود تھا۔ وہی آنکھیں، وہی بال، وہی آواز، وہی لہجہ، مگر ویڈیو میں بولنے والا شخص حقیقت میں وہ شخص تھا ہی نہیں۔ وہ اپنی ہی تصویر کو دیکھتا رہا۔ پھر موبائل میز پر رکھا اور شاید پہلی بار اسے احساس ہوا کہ انسان اپنے چہرے پر بھی مکمل اختیار نہیں رکھتا۔ صبح ہونے سے پہلے ویڈیو ہزاروں لوگوں تک پہنچ چکی تھی۔ کسی نے اسے سچ سمجھا، کسی نے غصہ کیا، کسی نے کردار پر سوال اٹھایا اور کسی نے فیصلہ بھی سنا دیا۔ صرف ایک سوال بہت کم لوگوں نے پوچھا۔ کیا یہ ویڈیو واقعی اصلی ہے۔ ہم ایک ایسی دنیا میں داخل ہو چکے ہیں جہاں جھوٹ کو اب صرف زبان کی ضرورت نہیں رہی۔ پہلے جھوٹ الفاظ میں بولا جاتا تھا، پھر تصویر نے اسے شکل دی، اور اب مصنوعی ذہانت نے جھوٹ کو چہرہ، آواز، لہجہ، حرکات اور جذبات بھی دے دیے ہیں۔ اب آنکھوں دیکھی چیز بھی جھوٹ ہو سکتی ہے۔ ایک شخص کو ایسی جگہ دکھایا جا سکتا ہے جہاں وہ کبھی گیا ہی نہ ہو۔ اس کے منہ سے ایسے الفاظ نکلوائے جا سکتے ہیں جو اس نے کبھی ادا نہ کیے ہوں۔ اس کی آواز میں غصہ، محبت یا خوف پیدا کیا جا سکتا ہے۔ یعنی مشین اب صرف انسان کی شکل نہیں بناتی، اس کا کردار بھی تخلیق کر سکتی ہے۔ اور جب شکل، آواز اور کردار تینوں جعلی بن جائیں تو اصل سوال یہ نہیں رہتا کہ جھوٹ کیا ہے، بلکہ یہ بن جاتا ہے کہ سچ کو پہچانا کیسے جائے۔ انسان عموماً وہی بات جلدی مانتا ہے جس پر وہ پہلے سے یقین کرنا چاہتا ہے۔ کسی شخص سے نفرت ہو تو اس کی جعلی ویڈیو بھی سچی محسوس ہو سکتی ہے۔ یوں Deepfake ہمارے تعصب کو بھی حقیقت کا لباس پہنا دیتا ہے۔ ذرا تصور کیجیے، کسی ملک کے سربراہ کی مصنوعی آواز میں جنگ کا اعلان نشر ہوتا ہے۔ ٹیلی ویژن چینلز اسے بریکنگ نیوز بنا دیتے ہیں، سوشل میڈیا پر لاکھوں لوگ اسے شیئر کر دیتے ہیں، بازار میں خوف پھیل جاتا ہے اور سرحد پر فوجیں الرٹ ہو جاتی ہیں۔ ایک گھنٹے بعد معلوم ہوتا ہے کہ آواز جعلی تھی اگر اس دوران کوئی میزائل چل چکا ہو یا کسی چوکی پر گولی چل چکی ہو تو ایک جعلی آواز کی تردید نقصان واپس نہیں لا سکتی۔ ایک جعلی ویڈیو ڈیلیٹ کی جا سکتی ہے، مگر اس سے پیدا ہونے والا خوف کہاں سے ڈیلیٹ ہوگا ایک جھوٹا بیان واپس لیا جا سکتا ہے مگر اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والا مالی یا ذہنی نقصان کون واپس کرے گا۔ یہی وجہ ہے کہ Deepfake محض ایک نئی ٹیکنالوجی نہیں، اعتماد کے خلاف ایک نیا ہتھیار ہے۔ صحافت بھی اسی امتحان سے گزرنے والی ہے۔ کل تک کیمرہ، مائیک، دستاویز اور عینی شاہد حقیقت تک پہنچنے کے بڑے ذرائع تھے۔ اب صحافی کو یہ بھی ثابت کرنا ہوگا کہ کیمرے میں جو دکھائی دے رہا ہے، وہ حقیقت میں ہوا بھی تھا یا نہیں۔ عام انسان بھی اس خطرے سے محفوظ نہیں۔ ایک طالب علم کی جعلی ویڈیو اس کا مستقبل تباہ کر سکتی ہے۔ کسی خاتون کی مصنوعی تصویر اس کی عزت اور ذہنی سکون کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔ کسی ملازم کے نام سے بنائی گئی جعلی آڈیو اس کی ملازمت چھین سکتی ہے۔ مگر تصویر کا دوسرا رخ بھی ہے۔ مصنوعی ذہانت طب، تعلیم، تحقیق، زراعت، صنعت اور سائنس میں غیر معمولی امکانات پیدا کر رہی ہے۔ ایک ڈاکٹر بہتر تشخیص کر سکتا ہے، ایک طالب علم بہتر سیکھ سکتا ہے اور ایک سائنس دان تحقیق کو تیز کر سکتا ہے۔ اس لیے مسئلہ ٹیکنالوجی کا وجود نہیں، اس کے استعمال کا اخلاقی معیار ہے۔ چھری سے روٹی بھی کاٹی جا سکتی ہے اور کسی کو زخمی بھی کیا جا سکتا ہے۔ قصور چھری کا نہیں، چلانے والے ہاتھ کا ہوتا ہے۔ مصنوعی ذہانت انسان کی خدمت گار بھی بن سکتی ہے اور انسان کے خلاف ہتھیار بھی۔ ہمیں ٹیکنالوجی سے ڈرنے کے بجائے اس کے ساتھ اخلاقی شعور پیدا کرنا ہوگا۔ ہمیں اپنے بچوں کو صرف یہ نہیں سکھانا ہوگا کہ مصنوعی ذہانت سے تصویر، مضمون یا ویڈیو کیسے بنائی جاتی ہے، بلکہ یہ بھی کہ جعلی تصویر کیسے پہچانی جاتی ہے، خبر کی تصدیق کیسے کی جاتی ہے اور غیر مصدقہ مواد آگے بڑھانے سے پہلے یہ سوچا جائے کہ اگر یہ جھوٹ ہوا تو نقصان کس کا ہوگا۔ پاکستان جیسے معاشرے میں یہ ذمہ داری اور بھی بڑھ جاتی ہے، جہاں افواہ کبھی کبھی خبر سے زیادہ تیزی سے سفر کرتی ہے۔ ایک شخص جھوٹی خبر بناتا ہے، دوسرا اسے آگے بڑھاتا ہے، تیسرا یقین کر لیتا ہے اور چوتھا غصے میں آ جاتا ہے۔ یوں ایک چھوٹا سا جھوٹ پورے معاشرے کا مسئلہ بن سکتا ہے۔ ہمیں ایسی تعلیم کی ضرورت ہوگی جو انسان کو ہر خوبصورت تصویر پر یقین کرنے سے پہلے سوال کرنا سکھائے، ہر وائرل ویڈیو کو حقیقت سمجھنے سے پہلے رکنے کا حوصلہ دے اور ہر سنسنی خیز خبر کو آگے بڑھانے سے پہلے یہ سوچنے پر مجبور کرے کہ اگر یہ جھوٹ ہوئی تو نقصان کس کا ہوگا۔ کیونکہ آنے والے دور میں جھوٹ کی سب سے بڑی طاقت یہ نہیں ہوگی کہ وہ جھوٹ ہوگا۔ اس کی اصل طاقت یہ ہوگی کہ وہ سچ جیسا دکھائی دے گا۔ جب آنکھیں دھوکا کھانے لگیں، کان جھوٹ سننے لگیں اور مشینیں حقیقت کا چہرہ پہن لیں تو انسان کے پاس آخر میں صرف ایک چیز بچے گی سچائی۔ لیکن سچائی بھی تب تک طاقتور نہیں رہ سکتی جب تک معاشرے میں اعتماد زندہ نہ ہو۔ شاید مستقبل کی سب سے قیمتی چیز تیل، سونا، زمین یا ڈیٹا نہیں، بلکہ اعتماد ہوگی۔ کیونکہ دولت دوبارہ کمائی جا سکتی ہے مگر اعتماد ایک بار ٹوٹ جائے تو اسے دوبارہ تعمیر کرنے میں نسلیں لگ سکتی ہیں۔ اور شاید آنے والے دور کا سب سے بڑا المیہ یہ ہوگا کہ سچ کو بھی ثبوت کی ضرورت پڑے گی۔ مشینیں صرف ذہین نہیں ہوئی ہیں۔ انہوں نے انسان اور سچ کے درمیان ایک سوال کھڑا کر دیا ہے۔ اس سوال کا جواب کسی الگورتھم، موبائل، سرور یا مشین کے پاس نہیں ہوگا۔ اس کا جواب صرف انسان کے پاس ہوگا کیونکہ آخر میں دنیا کو ٹیکنالوجی نہیں بچائے گی۔ اس دنیا کو وہ انسان بچائے گا جو جھوٹ کو خوبصورت بنا سکتا ہو، مگر پھر بھی سچ بولنے کا انتخاب کرے۔

بقیہ 1

نیشنل پارٹی کے رہنما مہراب بلوچ اور جلال بلوچ بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران بانی پی ٹی آئی کے اہم امور، سیاسی کے معاملی صورتحال اور بلوچستان کو درپیش مختلف مسائل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں صوبے میں سیاسی و انتظامی امور، سماجی کے حل اور بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے مشترکہ کوششوں کی اہمیت پر گفتگو کی گئی۔

بقیہ 2

ترقیاتی بینک اور ایشیائی انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ بینک نے جڑواں ہفتوں میں 50 ارب ڈالر سے زائد کی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر چاپانی جریدے ایشیا کونٹروریو دیے ہوئے ویژن کے تحت مرتبہ کی جاری کے ساتھ پاکٹا بلاٹ نظم کیا گیا۔ مرتبہ اقدام انہیں ہوں گے۔ پاکستان مستقبل میں بھی اس طرح کے بار بار سالانہ اجلاس کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، کیونکہ یہ ہمیں کے پاس دنیا کی دوسری بڑی مارکیٹ ہے۔ مجموعہ کثیر ہے کہ پاکستان اپنے قرضوں کی بھوجی مالیت میں اضافہ نہیں کرنا چاہتا، چاہتا ہے مالی وسائل کے ذرائع موجود بنانے میں، وچینی محفل ہے، جس میں چاپانی ین میں ساموراٹی بانڈز کا اجرا بھی شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ساموراٹی بانڈز کا اجرا پاکستان کے لیے موزوں ثابت ہو سکتا ہے اور اس ادارہ کی سپیشل کوشش کرنا چاہیے، اس ماہ اس سلسلے میں مزید تیاری کی ضرورت ہے۔

بقیہ 3

دونوں ناریکوں میں مطابقت دھونڈنا وقتی مناسب نہیں ہے۔ پچھلے 8 سالوں میں آئین کے مطابق حقدار بالغ چنسی کیا گیا ہے، لیکن ایسا بھی نہیں ہوا کہ جب کسی کو بھتہ بلوغت کہا گیا ہو، بغیر کسی ٹھوس بنیاد کے وہ جو دنیا جوابے ملک کے اندر ہی مختلف اربیٹ پیدا کر رہے ہیں، بلوچی آئی کے وصوبے میں تھیرانی کے تحت 13 سے 16 سال تک کی عمر کو بلوغت کہا گیا ہے۔ 2023 میں آئین کے ایک پٹیشن کیس میں بلوچستان ہائی کورٹ نے بھی اس فیصلے کو برقرار رکھا۔ 2025 میں بلوچستان اسمبلی نے ایک بل پاس کیا جس کے تحت لڑکے اور لڑکیوں کی شادی کی کم از کم عمر 18 سال مقرر کی گئی۔ اس بل کو بھی بلوچستان ہائی کورٹ میں چیلنج کیا گیا۔ جنید محمد نے کہا کہ جب ملک میں پیٹرول کی مقدار میں دستیاب ہوں تو قیمتوں میں محض چند پیسوں کی کمی کی جاتی ہے، 5 روپے اضافہ اور صرف 75 پیسے کی ہوتی ہے۔ حکام نے بتایا کہ پاکستان کے مختلف علاقوں میں ہونے والے مظاہروں کے دوران 90 لاکھ افراد متاثر ہوئے جبکہ 9 ہزار 700 گیول مشروبات کو نقصان پہنچا۔ جیکب آباد میں ایک سکتہ کی ضرب 9 ہزار اندازہ ہوا اور تقریبا 90 لاکھ افراد متاثر ہوئے۔ ان مظاہروں کے نتیجے میں 1 ہزار 500 سے زائد افراد گرفتار کیے گئے تھے۔ ڈی ایس ریلے کے کہنا تھا کہ ہے حادثے کی وجوہات سے متعلق کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا۔ 3 سے 4 گھنٹے میں ڈان ٹریک بحال کر دیا جائے گا، حادثے کی وجوہات کی تحقیقات کی جائے گی لیکن کام کر رہی ہے، شواہد بھی جمع کیے جا رہے ہیں۔ ڈی ایس ریلے کے مطابق متاثرہ ٹرین کے ڈبے پٹریوں سے اچھل کر الگ ہو گئے تھے۔ ڈی ایس ریلے نے کہا کہ ریلوے کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئی ہیں اور ریسکیو آپریشن جاری ہے۔ ریسکیو حکام کا کہنا تھا کہ متاثرہ ٹرین کے ڈبے میں 400 مسافر سوار تھے۔ ڈی ایس ریلے نے کہا کہ ریسکیو حکام کا کہنا تھا کہ متاثرہ ٹرین کے ڈبے میں 400 مسافر سوار تھے۔ ڈی ایس ریلے نے کہا کہ ریسکیو حکام کا کہنا تھا کہ متاثرہ ٹرین کے ڈبے میں 400 مسافر سوار تھے۔

بقیہ 4

دی ورکرز پارٹی بلوچستان نے صحتی انتظامیہ کی لاپرواہی پر اطمینان کا اظہار کیا ہے کہ ایرانی کشمیر میں ذوہب کی ضدات کو سرکاری ہیلتھ محکمہ صحت کی کارکردگی پر ڈی ایچ او اعظم خان ٹائی اور محکمہ تعلیم کے افسر محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ورکرز پارٹی ترقی مخالف منصوبوں پر شدید تحفظات کا اظہار کرتی ہے۔ متعلقہ افسر جنید کو محکمہ کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے سوئی شہر میں صفائی کی بہتر صورتحال پر سوشل میڈیا پیج پوسٹ کیے۔ آفیسر نے مختلف کرنے کے اعلانات جاری کیا جبکہ محکمہ ایڈیشنل ڈائریکٹر کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ ورکرز پارٹی نے ترقیاتی منصوبوں کو بروقت مکمل کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ورکرز پارٹی کے رہنماؤں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل عوام کی بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے انتہائی اہم ہے۔ ورکرز پارٹی نے ترقیاتی منصوبوں کے ٹھیکے پارٹیا بااثر شخص کو دینے کی مذمت کی ہے۔ ورکرز پارٹی کے رہنماؤں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے ٹھیکے پارٹیا بااثر شخص کو دینے کی مذمت کی ہے۔

بقیہ 5

1970 کے اواخر میں افغانستان پر روسی جارحیت کے دوران کیمپ چلائی ہوئی ہیں۔ ورکرز قائدین نے کہا کہ پاکستان اور دنیا نے ہمیشہ کردی کیلئے کھلے پاڑا بانہیں پھیلائی ہیں، لیکن افسوس کہ پاکستان کے کیمپ ہی کے ساتھ بدلتی ہوئی دین، دہشت گردی کے نام پر ہمارے ساتھ ناروا سلوک کیا گیا۔ ورکرز پارٹی کے رہنماؤں نے کہا کہ ہمارے ساتھ ہمارے ہی ملک کے بار بار سیاسی جلاوطنی ک

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی 2029 تک جاسکتی ہے، رانا ثناءاللہ

جن علاقوں کو فوج دہشتگردوں سے پاک کریگی، سول انتظامیہ انہیں ہولڈ کریگی، دہشتگردی کے خلاف قومی بیانیے کیساتھ کھڑا ہونا ہوگا، ہم پرامید اور متفق ہیں کہ یہ نظام کافی کام کرلے گا

عمر کے برابر تجربے کے لوگ ہم سے مذاکرات کرتے ہوئے سہیل آفریدی سے ڈکٹیشن لے رہے تھے، مولانا فضل الرحمان کو غلط فہمی ہوئی، مشیر وزیراعظم کی گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کم از کم ایک سال اور 2029 تک بھی جا سکتی ہے، امن و امان کیلئے 2029 تک ایمرجنسی مہنگا سودا نہیں، جن علاقوں کو فوج دہشتگردوں سے پاک کریگی، سول انتظامیہ انہیں ہولڈ کرے گی۔ اپنے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ گورنر راج، ایمرجنسی کے بعد مینڈیٹ اسمبلی کے پاس چلا جائیگا، ایمرجنسی ہٹ جاتی ہے اور اسمبلی نیا لیڈر آف دی ہاؤس منتخب کرے اور وہ دہشتگردی کے خلاف متفق نہیں ہوگا تو ایمرجنسی 10 بار بھی لگانا پڑے تو لگنی چاہیے۔ رانا ثناءاللہ کا کہنا تھا کہ پاکستان پہلے ہے یا کسی کا وزیراعلیٰ بننا پہلے ہے؟ آئین کے تحت ایمرجنسی کی مدت بڑھائی جاسکتی ہے، حالات 3 یا 6

(بقیہ 26 ندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کے گیارھویں بورڈ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لیاقت بلوچ سے پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر کا ٹیلیفونک رابطہ

کے پی میں گورنر راج و ایمرجنسی کے نفاذ کی صورتحال اور اے پی سی پر تبادلہ خیال

لاہور (جی این ایم) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ سے پی ٹی آئی رہنما سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے ٹیلی فونک رابطہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے خیبر پختونخوا کے میں گورنر راج ایمرجنسی نفاذ کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا جبکہ اپوزیشن جماعتوں کی اے پی سی بلانے پر بھی بات چیت کی گئی۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کرے گی، خیبر پختونخوا میں گورنر راج ایمرجنسی کے بعد سیاسی قیادت کی گرفتاریاں قابل مذمت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی اقدام کو آئینی عدالت میں چیلنج کرسکتی ہے، حکومت آئین کے غلط استعمال کی غلطی تسلیم کرے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ حکومت سنگین اقدامات واپس لے کر اپوزیشن سے مذاکرات کا راستہ اختیار کرے، اپوزیشن لیڈر زمحمود خان اچکزئی، راجہ ناصر عباس، بیرسٹر گوہر مذاکرات کیلئے تیار ہیں، اب مذاکرات سے حکومت کا صریحا انکار غیر جمہوری اور آمرانہ رویہ ہے۔ نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان

(بقیہ 29 ندرونی صفحہ 3 پر)

سندھ پبلک سروس کمیشن میں مبینہ بدعنوانی اور بے ضابطگیوں کا انکشاف

کراچی (جی این ایم) نیب نے سندھ پبلک سروس کمیشن میں مبینہ بدعنوانی اور بے ضابطگیوں کی تحقیقات کا آغاز کردیا۔ نیب کے مطابق سندھ پبلک سروس کمیشن کے امتحان 2023 میں شکایت پر نوٹس لیا گیا۔ نیب کراچی نے سیکرٹری سندھ پبلک سروس کمیشن کو لکھے گئے خط میں کہا کہ اسکریننگ ٹیسٹ اور تحریری امتحان پاس کرنے والے امیدواروں کی تفصیلات علیحدہ پیش کی جائیں۔ نیب کراچی نے خط میں تمام امیدواروں کی تفصیلات اور نتائج کا ریکارڈ

(بقیہ 28 ندرونی صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے بعد بڑے احتجاج کی اطلاعات نہیں ملیں، بیرسٹر دانیال

پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سوشل میڈیا کو زمینی حقائق ہضم نہیں ہورہے، پارلیمانی سیکریٹری

اسلام آباد (یو این اے) پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد نہ کوئی بڑا احتجاج دکھائی دیا اور نہ ہی سڑکوں پر وہ ہنگامہ آرائی نظر آئی جس کا تاثر دینے کی کوشش کی جارہی تھی، جبکہ اس کے برعکس لوگوں کو یوم تشکر مناتے، مٹھائیاں تقسیم کرتے اور معمولات زندگی جاری رکھتے دیکھا گیا۔ منگل کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان

(بقیہ 27 ندرونی صفحہ 3 پر)

سی پیک اور کوئٹہ چمن شاہراہ پر زیرِ تعمیر پلوں سے ٹریفک کا دباؤ بڑھا ہے، سید عاصم شاہ

غیر قانونی تجاوزات، کالے شیشوں اور کم عمر ڈرائیورز کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں، ایس پی ٹریفک

کوئٹہ (یو این اے) ایس پی ٹریفک سید عاصم شاہ نے کہا ہے کہ سی پیک روڈ اور کوئٹہ چمن اہم شاہراہ پر زیرِ تعمیر پلوں کے باعث ٹریفک کا دباؤ بڑھ جاتا ہے، جس سے ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے میں مشکلات پیش آتی ہیں، تاہم ٹریفک پولیس کے اہلکار شدید گرمی اور سردی کے باوجود محنت، ہمت اور ایمانداری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ انہوں

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 3 پر)

گندا نہ پولیس کی کارروائی، ڈاکوؤں کا تعاقب کرکے مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلی

گندا نہ (اے این این): تھانہ زور گڑھ کی حدود عبد اللہ دیناری سے مسلح ڈاکو موٹر سائیکل چھین کر فرار ہوگئے، واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او تھانہ زور گڑھ حاجی خان لاشاری نے فوری کارروائی کرتے ہوئے پولیس نفری کے ہمراہ ملزمان کا تعاقب کیا اور بہادری و پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھکڑہ کے قریب مسروقہ موٹر سائیکل سی ڈی ماڈل 2017 برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق عبداللہ

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 3 پر)

کراچی، نجی سوسائٹی کے گھر سے ایک ہی خاندان کے 5 افراد کی لاشیں برآمد

کراچی (جی این ایم) کراچی کے علاقے گلشن حدید میں نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے گھر سے ایک ہی خاندان کے 5 افراد کی لاشیں ملی ہیں۔ ریسکیو کے مطابق لاشیں میاں، بیوی، 2 بچیوں اور ایک خاتون کی ہیں۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ گھر سے 40 سال کے شاہ زیب، 40 سالہ اہلیہ صبا، 5 سالہ بیٹی ایزل اور 4 سالہ بیٹی آریہ کی لاشیں ملیں۔ پانچویں لاش 18 سالہ شائمہ کی ہے جو شاہ زیب کی بہن

(بقیہ 37 ندرونی صفحہ 3 پر)

قانون کی حکمرانی اور عوام کے جمہوری حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا، اسد قیصر

سہیل آفریدی و دیگر رہنماؤں کے بارے میں معلومات کی عدم دستیابی انتہائی تشویشناک ہے

پشاور (جی این ایم) سابق اسپیکر قومی اسمبلی و پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ پاکستان میں آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور عوام کے جمہوری حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا۔ ایک انٹرویو میں وزیرِ اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، جو 4 کروڑ عوام کے منتخب نمائندے ہیں، اور خیبر پختونخوا اسمبلی اسپیکر بابر سلیم سواتی، پی ٹی آئی صوبائی صدر جنید اکبر، صوبائی وزرا، قومی و صوبائی اسمبلی ممبران کی مبینہ غیر قانونی گرفتاری یا گمشدگی اور ان کے بارے میں معلومات کی عدم دستیابی انتہائی تشویشناک ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ایک جمہوری ملک میں عوام کے منتخب نمائندوں کے ساتھ ایسا سلوک قابلِ قبول ہے؟ جس حکومت کے مینڈیٹ اور عوامی حمایت پر سوالات اٹھائے جارہے ہوں، اگر وہ عوام کے منتخب نمائندوں کو اس طرح نشانہ بنائے تو یہ آئین، قانون، جمہوریت اور بنیادی انسانی حقوق کے حوالے سے سنگین خلاف ورزی ہے۔ ہم واضح

(بقیہ 30 ندرونی صفحہ 3 پر)

حج درخواستیں، دوسری قسط کی آخری تاریخ 20 اکتوبر مقرر

51 ہزار 500 عازمین حج واجبات کی دوسری قسط ادا کرچکے، ترجمان وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (جی این ایم) وزارت مذہبی امور نے سرکاری حج اسکیم کے تحت عازمین کو حج واجبات کی دوسری قسط مقررہ تاریخ تک جمع کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ مقررہ وقت میں ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں حج درخواست منسوخ کردی جائے گی۔ ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق اب تک 51 ہزار 500 عازمین حج واجبات کی دوسری قسط ادا کرچکے ہیں، جبکہ اس مد میں مجموعی طور پر 32 ارب 60 کروڑ روپے وصول کیے جاچکے ہیں۔ ترجمان کے مطابق 26 ہزار عازمین نے ون لنک، 2 ہزار 126 نے بینک کارڈ اور 23 ہزار 200 عازمین نے بینک چالان کے ذریعے نقد رقم جمع کرائی ہے۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق حج پورٹل کے ذریعے گھر بیٹھے آن لائن ادائیگی کا تناسب 55 فیصد رہا، جبکہ

(بقیہ 38 ندرونی صفحہ 3 پر)

انمول عرف پنکی کو عدالت میں پیش نہیں کیا گیا، سماعت آئندہ ہفتے تک ملتوی

کراچی) (جی این ایم) منشیات فروشی کے الزام میں گرفتار انمول عرف پنکی کے خلاف منشیات اور اسلحہ برآمدگی کے مقدمات میں جیل حکام نے ملزمہ اور شریک ملزمان کو عدالتی حکم کے باوجود پیش نہیں کیا۔ کراچی کے جوڈیشل مجسٹریٹ جنوبی کی جانب سے کہا گیا ہے کہ سپرنٹنڈنٹ سینٹرل جیل اور ویمن جیل نے عدالتی حکم کی تعمیل نہیں کی جبکہ مقدمے کی نقول فراہم کرنے کیلئے ملزمان کا موجود ہونا لازمی ہے۔ عدالت نے ملزمہ انمول و دیگر ملزمان کو آئندہ سماعت پر لازمی پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ عدالت کی جانب سے کہا گیا ہے کہ ملزمہ کی عدالت میں حاضری

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 3 پر)

نگار جوہر خان سے منسوب صحت کارڈ کے خاتمے کا بیان بے بنیاد ہے، ثمر بلور

پشاور (یو این اے) گورنر خیبر پختونخوا کی مشیر اطلاعات ثمر ہارون بلور نے کہا ہے کہ لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نگار جوہر خان سے منسوب صحت کارڈ کے خاتمے کے حوالے سے سوشل میڈیا پر پھیلایا جانے والا بیان جھوٹا ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا کی مشیر برائے اطلاعات و تعلقات عامہ ثمر بلور نے کہا ہے کہ صحت کارڈ کے حوالے سے چند عناصر پروپیگنڈا پھیلانے

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کا پاکستانی ہنرمندوں کیلئے یورپ میں قانونی روزگار بڑھانے پر زور

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ غیر قانونی ہجرت کی روک تھام کے ساتھ محفوظ، منظم اور قانونی ہجرت کے عملی مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں، پاکستانی ہنرمند کارکنوں اور پیشہ ور افراد کے لیے قانونی راستے کھولنے سے یورپی ممالک کی لیبر مارکیٹ کی ضروریات پوری ہوں گی۔ یورپی یونین کے کمشنر برائے داخلی امور اور

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کے کسانوں کو منصفانہ معاوضے اور صارفین کو سستی گندم فراہمی کی ہدایت

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے کسانوں کو مناسب معاوضہ اور صارفین کو سستی گندم کی فراہمی کی ہدایت کی ہے۔ شہباز شریف کی زیر صدارت اسلام آباد میں قومی زرعی و غذائی تحفظ کونسل (این اے ایف ایس سی) کا پہلا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ملکی زراعت، غذائی تحفظ،

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 3 پر)

نرسنگ کونسل بدنام زمانہ رہی ہے، مقدس شعبے کیساتھ زیادتی ہوئی، مصطفیٰ کمال

9 لاکھ نرسز پاکستان میں چاہئیں، 25 لاکھ دنیا ہم سے مانگ رہی ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ نرسنگ کونسل بدنام زمانہ رہی ہے، مقدس شعبے کے ساتھ زیادتی ہوئی، نرسنگ کونسل میں قانون ہاتھوں سے بنائے ہوئے ہیں، آپ کچھ نہیں کرسکتے، میں ان کا ساتھ دیتا تو میری 7 نسلیں بیٹھ کر کھاتیں، جن کو ہاتھ نہیں لگایا جاسکتا تھا، ان کو پاش پاش کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نرسنگ کونسل کا ممبر بننے کے لیے کروڑوں روپے لگتے ہیں، 9 لاکھ نرسز پاکستان میں چاہئیں، 25 لاکھ دنیا ہم سے مانگ رہی ہے، 1 فیصد بھی نرس باہر نہیں کیونکہ ہمارا ایجوکیشن نظام خراب ہے۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ نرسنگ کونسل بدنام زمانہ رہی ہے، مقدس شعبے کے ساتھ زیادتی ہوئی۔ اسلام آباد میں نرسنگ سی پی

(بقیہ 34 ندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی کے گیارھویں بورڈ اجلاس کے بعد ڈیجیٹل پورٹل کا افتتاح کررہے ہیں

ممکنہ امریکی حملے، ایران کی مشرق وسطیٰ میں امریکی جنگی جہازوں کو ڈبونے کی دھمکی

ایران نے ممکنہ امریکی حملے کے پیش نظر جوہر مقامات کو محفوظ بنانا شروع کردیا، امریکی اخبار

تہران (جی این ایم) ایران نے خبردار کیا ہے کہ اگر جنگ دوبارہ شروع ہوئی تو جوابی کارروائیوں میں مشرق وسطیٰ میں امریکی جنگی جہازوں کو ڈبونے کی کوشش بھی شامل ہوسکتی ہے۔ امریکی اخبار وال اسٹریٹ جنرل کی رپورٹ کے مطابق ایران نے ممکنہ امریکی حملے کے پیش نظر جوہر مقامات کو محفوظ بنانا شروع کردیا۔ ایران سرحدی علاقوں سمیت حساس مقامات کی سیکیورٹی مزید مضبوط بنا رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ماہ جبل الفس اور نطنز کے مقامات کے اطراف مٹی کے حفاظتی بند بنائے۔ حفاظتی اقدامات کا مقصد امریکی فوج کی کسی بھی ممکنہ پیش قدمی کو روکنا ہے۔ امریکی اخبار نے ایرانی عہدیدار کے حوالے سے بتایا تنازع دوبارہ شروع ہونے کی

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 3 پر)

سعودی عرب نے حوثیوں کے خلاف کارروائی میں اسرائیل کی شمولیت کا مطالبہ مسترد کردیا

اسرائیل امریکی ثالثی کے ذریعے ریاض کی منظوری حاصل کرنے کی کوشش کررہا ہے، اسرائیلی اخبار کی رپورٹ

تل ابیب (جی این ایم) سعودی عرب نے حوثیوں کے خلاف کارروائی میں اسرائیل کی شمولیت کا مطالبہ مسترد کردیا یہ بات اسرائیلی اخبار ہاریتز نے ایک خصوصی رپورٹ میں بتائی ہے بتایا گیا ہے کہ اسرائیل امریکی ثالثی کے ذریعے ریاض کی منظوری حاصل کرنے کی کوشش کررہا ہے جبکہ اسے امید ہے کہ فوجی تعاون تعلقات کو معمول پر لانے کی راہ ہموار کرسکتا ہے اسرائیلی اخبار کے مطابق سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے یمن کے حوثی گروپ کے خلاف فوجی کارروائیوں میں اسرائیل کی شمولیت کی کوشش مسترد کردی ہے، اسرائیل امریکی ثالثی کے ذریعے ریاض کی منظوری حاصل کرنے کی کوشش کررہا تھا اخبار نے بتایا ہے کہ سعودی ولی عہد اسرائیل کی

(بقیہ 42 ندرونی صفحہ 3 پر)

خلیجی ممالک میں کشیدگی، لاہور ایئرپورٹ سے متعدد پروازیں منسوخ

لاہور (جی این ایم) سعودی عرب اور خلیجی ممالک کے درمیان کشیدگی کے باعث علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور سے متعدد پروازیں منسوخ کردی گئیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق لاہور سے ریاض جانے والی نجی ایئرلائن کی پرواز ایکس وائے 318، ریاض جانے والی پرواز ایس وی 743 اور پرواز آر ایکس 676 منسوخ کردی گئیں ذرائع کا

(بقیہ 52 ندرونی صفحہ 3 پر)

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ

واشنگٹن (جی این ایم) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق منگل کے روز عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ گزشتہ کاروباری سیشن میں تقریباً 2 ڈالر اضافے کے بعد قیمتیں نیچے آگئیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق برینٹ خام تیل کی قیمت 61 سینٹ، یعنی 0.57 فیصد کمی کے بعد 106.04 ڈالر فی بیرل رہی۔ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل کی قیمت 47 سینٹ، یعنی 0.5 فیصد گر کر 93.27 ڈالر فی بیرل

(بقیہ 60 اندرونی صفحہ 3 پر)

افغانستان بھر میں بی بی سی کی ایف ایم ریڈیو نشریات معطل

کابل (جی این ایم) افغان حکام نے ملک بھر میں بی بی سی کی ایف ایم ریڈیو نشریات معطل کردیں۔ افغانستان بھر میں ایف ایم ریڈیو نشریات معطل کرنے پر برطانوی نشریاتی ادارے نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے ترجمان کا کہنا ہے کہ افغانستان بھر میں کروڑوں لوگ درست خبروں اور معلومات کے لیے نشریاتی ادارے پر بھروسہ کرتے ہیں۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ معاملے کے حل کے لیے حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ افغان حکام نے ملک بھر میں بی بی سی کی ایف ایم ریڈیو نشریات معطل کردیں۔ افغانستان بھر میں ایف ایم ریڈیو نشریات معطل کرنے پر برطانوی نشریاتی ادارے نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے ترجمان کا کہنا

(بقیہ 59 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان قدرتی آفات سے نمٹنے میں متاثرہ ملک نہیں بلکہ رہنما کردار ادا کرسکتا ہے، آصف زرداری

قدرتی آفات کے خطرات میں کمی کیلئے علاقائی تعاون کو فروغ، خطے کے ممالک مشترکہ خطرات سے نمٹنے کیلئے مل کر کام کریں

قبل از وقت انتباہ سے متعلق اطلاعات سرحدوں کے پار فوری طور پر پہنچنی چاہئیں تاکہ ممکنہ نقصانات کو کم کیا جاسکے گا، صدر مملکت کا قدرتی آفات کے خطرات میں کمی کے عالمی دن پر پیغام

اسلام آباد (جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان موسمیاتی آفات کے خلاف جدوجہد میں محض ایک متاثرہ ملک نہیں بلکہ رہنما کردار بھی ادا کرسکتا ہے، اس مقصد کے لئے قومی اور بین الاقوامی تنظیموں کو آفات سے نمٹنے کی پیشگی تیاری کو اپنی سرگرمیوں کا بنیادی جزو بنانا ہوگا۔ قدرتی آفات کے خطرات میں کمی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کے لئے یہ دن خصوصی اہمیت رکھتا ہے، قدرتی آفات کے تجربات نے ہمیں سکھایا ہے کہ صرف آفات کے بعد ردعمل ظاہر کرنا کافی نہیں، بلکہ ان سے نمٹنے کے لئے پیشگی تیاری اور مؤثر منصوبہ بندی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان کے قدرتی آفات سے نمٹنے کے قومی نظام نے خطرات کی پیشگی

(بقیہ 45 ندرونی صفحہ 3 پر)

میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت قومی سانحہ ہے، میر سلیم کھوسہ

پاک فوج کے دونوں افسران کی شہادت پر ہر محبِ وطن پاکستانی غمزدہ ہے، وزیر مواصلات و تعمیرات بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات بلوچستان میر سلیم کھوسہ نے کوئٹہ میں پاک فوج کے تربیتی طیارے کے افسوسناک حادثے میں میجر حسنین شہزاد ہمایوں اور کیپٹن عبدالصمد کی شہادت پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہید افسران کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ پاک فوج کے دونوں افسران کی شہادت پر ہر محبِ وطن پاکستانی غمزدہ ہے۔ وطن عزیز کی خدمت اور دفاع کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے والے ان بہادر افسران کی قربانیاں قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں اور ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج کے افسران اور جوان ملک کی سلامتی اور

(بقیہ 46 ندرونی صفحہ 3 پر)

اسمبلیوں میں رہ کر اپنی آواز اٹھائیں گے، شوکت یوسفزئی

وفاق نے ایمرجنسی کا احمقانہ فیصلہ کیا استعفے نہیں دیں گے، پی ٹی آئی رہنماء

اسلام آباد (جی این ایم) پی ٹی آئی رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت پی ٹی آئی کا دہشتگردوں سے رابطوں کا بیانیہ بنا رہی اب اس کو ثابت بھی کریں، گورنر ہاؤس کے گھیراؤ کی باتیں سیاسی نعرے تھے، اسمبلیوں سے استعفے نہیں دیں گے بلکہ اسمبلیوں میں اپنی آواز اٹھائیں گے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ میں آج بھی کہتا ہوں کہ وفاقی حکومت نے ایمرجنسی کا بڑا احمقانہ فیصلہ کیا ہے، یہ کہتے کچھ ہیں اور کرتے کچھ ہیں، پہلے کہتے دہشتگردی ہے، اس پر ہم نے بار بار کہا کہ ہم دہشتگردی کی جنگ کے خلاف نہیں ہیں بلکہ اپنے

(بقیہ 47 ندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے برازیل کی مسلح افواج کے جوائنٹ چیفس آف سٹاف کے سربراہ ملاقات کررہے ہیں

ایمرجنسی اور گورنر راج سے خیبر پختونخوا کے لوگوں کا غصہ بڑھ گیا، ترجمان عمران خان

ہم جو جنگ لڑ رہے ہیں وہ چھوٹی نہیں ہے ہم کہیں نہیں جانے والے ہم یہ جنگ لڑتے رہیں گے، نیاز اللہ نیازی

راولپنڈی (جی این ایم) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے ترجمان نیاز اللہ نیازی نے کہا ہے کہ ایمرجنسی اور گورنر راج لگا کر لوگوں کی نفرت میں اضافہ کیا گیا، کے پی کے لوگ زیادہ غصے میں ہیں، ہم جو جنگ لڑ رہے ہیں وہ چھوٹی نہیں ہے ہم کہیں نہیں جانے والے ہم یہ جنگ لڑتے رہیں گے۔ راولپنڈی اڈیالہ روڈ پر میڈیا سے گفت گو میں انہوں نے کہا کہ عمران خان سے ملاقاتوں کے لیے اسلام آباد ہائی کورٹ کے حکم کے تحت یہاں آتے ہیں، یہ حکومت

(بقیہ 61 ندرونی صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سے مائنز اونرز کے وفد کی ملاقات

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے مائنز اونرز کی ملاقات، معدنیات کے شعبے کے مسائل حل کرنے کا حکم

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے میر بہروز ریکی کی قیادت میں مائنز اونرز کے نمائندہ وفد نے یہاں ملاقات کی جس میں معدنیات کے شعبے کو درپیش مسائل، مشکلات اور اس کی ترقی و بہتری کے لیے مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران وفد نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو مائنز اونرز کو درپیش مسائل اور عملی مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے معدنیات کے شعبے کی ترقی، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور دستیاب معدنی وسائل سے

(بقیہ 62 ندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت گندم کی درآمد سے متعلق اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس ہورہا ہے

مستونگ میں وین اور ٹرک کے درمیان تصادم، خاتون سمیت 4 افراد جاں بحق

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع مستونگ میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر وین اور ٹرک کے درمیان تصادم کے نتیجے میں خاتون سمیت 4 افراد جاں بحق جبکہ 3 خواتین سمیت 5 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق حادثہ مستونگ کے علاقے کھڈ کوچہ میں پیش آیا، جہاں کوئٹہ سے قلات جانے والی وین ٹرک سے ٹکرا گئی۔ حادثے کے نتیجے میں

(بقیہ 48 ندرونی صفحہ 3 پر)

سہیل آفریدی کی بازیابی کیلئے پشاور ہائی کورٹ میں درخواست دائر

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخواہ کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کے سی ایم ہاؤس سے مبینہ اغوا اور غیر قانونی حراست کے خلاف ان کے بھائی محمد عامر نے پشاور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی، جس میں صوبائی چیف ایگزیکٹو کی فوری بازیابی اور انہیں عدالتِ عالیہ کے سامنے پیش کرنے کی استدعا کی گئی ہے۔ پشاور ہائیکورٹ میں دائر کی گئی آئینی درخواست میں

(بقیہ 54 ندرونی صفحہ 3 پر)

ایئر لائنز کے انتظامی مسائل، 86 پروازیں منسوخ، 59 تاخیر کا شکار

کراچی (جی این ایم) پاکستان میں ایئر لائنز کے انتظامی مسائل کی وجہ سے من گل کو 86 پروازیں منسوخ جبکہ 59 میں تاخیر کا شکار ہوگئیں۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق ریاض ایئرپورٹ کے لئے ملک بھر کی 34 پروازیں منسوخ کردی گئیں۔ کراچی اور لاہور کی 4 پروازوں پی کے 302، 303، پی اے 401 اور 402 میں 5 گھنٹے کی تاخیر ہوئی ہے۔ کراچی اور لاہور سے اسکردو کی پروازوں میں 1 سے ڈیڑھ گھنٹے کی تاخیر ہوگئی۔ اسلام آباد اور کابل کی 2 پروازوں ایف جی 307، 308 میں 7 گھنٹے کی تاخیر ہوئی۔ دبئی سے ملتان کی فلائٹ پی

(بقیہ 63 ندرونی صفحہ 3 پر)

کراچی، خاندان کے 5 افراد کی لاشیں برآمد

کراچی (جی این ایم) کراچی کے علاقے گلشن حدید میں نجی ہاؤسنگ سوسائٹی کے گھر سے ایک ہی خاندان کے 5 افراد کی لاشیں ملی ہیں۔ ریسکیو کے مطابق لاشیں میاں، بیوی، 2 بچیوں اور ایک خاتون کی ہیں۔ ریسکیو حکام نے بتایا کہ گھر سے 40 سال کے شاہ زیب، 40 سالہ اہلیہ صبا، 5 سالہ بیٹی ایزل اور 4 سالہ بیٹی آریہ کی لاشیں ملیں۔ پانچویں لاش 18 سالہ شائمہ کی ہے جو شاہ زیب کی بہن

(بقیہ 37 ندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان کی شام میں اسرائیلی جارحیت کی مذمت، مقبوضہ علاقوں سے انخلا کا مطالبہ

شام میں اسرائیلی فوجی کارروائیاں عالمی قانون و ملکی خودمختاری کی خلاف ورزی، مقبوضہ علاقوں سے انخلا کیا جائے

شام میں سیاسی انتقالِ اقتدار، قومی مفاہمت اور معاشی بحالی کی حمایت کرتے ہیں، اقوام متحدہ میں پاکستان کے مندوب سفیر

نیویارک (جی این ایم) پاکستان نے شام میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں کو بین الاقوامی قانون اور شام کی خودمختاری کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے اسرائیل سے تمام مقبوضہ شامی علاقوں کو خالی کرنے اور 1974 کے معاہدے کا مکمل احترام کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ یہ بات اقوام متحدہ میں پاکستان کے مندوب سفیر عثمان جدون نے سلامتی کونسل کو شام کی انسانی اور سیاسی صورت حال پر بریفنگ دیتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیلی کارروائیوں نے شام کی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کو سنگین خطرات سے دوچار کیا ہے، اسرائیل کی جانب سے 1974 کے معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بفر زون پر قبضہ کیا گیا ہے، اسرائیلی فوج کی جانب سے شام کے مختلف علاقوں پر فضائی حملے کیے گئے ہیں، اسرائیلی فوج کی جانب سے شام کے مختلف علاقوں پر فضائی حملے کیے گئے ہیں، مقبوضہ شامی علاقہ گولان بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں، خصوصاً قرارداد 338 اور 497 کے تحت شام کا حصہ ہے۔ عثمان جدون نے شام میں

(بقیہ 50 ندرونی صفحہ 3 پر)

یمنی فورسز کی کارروائیوں میں 950 حوثی ہلاک، 380 گاڑیاں تباہ

حوثیوں کا سعودی دارالحکومت ریاض کے ایئرپورٹ اور خمیس مشیط ایئربیس کو نشانہ بنانے کا دعویٰ

ریاض، صنعا (جی این ایم) حوثی فوجی ترجمان یحییٰ سریع نے دعویٰ کیا ہے کہ گروپ نے سعودی دارالحکومت ریاض کے شاہ خالد انٹرنیشنل ایئرپ